امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ کی تصنیفات کے سائنسی پہلوؤں پر مشتمل ایک روشن اشاریہ

مفت سلسلۂ اشاعت نمبر 10

چودھویں صدی کا عالم سائنسدان

ڈاکٹر محمد مالک

ڈائریکٹر الرضا اسلامک سینٹر، بلاک 16، ڈیرہ غازی خان



ناشر: نور الھدیٰ اسلامک فائونڈیشن

○ المعراج ٹیلرز، محلہ فیض مدینہ، شارع امام احمد رضا خان رحمتہ اللہ علیہ (تولیکی روڈ) کاموں کے ضلع گوجرانوالہ

○ مدرسہ معراج القرآن، مسجد حمیدیہ قادریہ، احمد علی حبیب اسکوائر، E/3-III ناظم آباد، باب المدینہ کراچی۔

رابطہ نمبر: 0321-7162989 // 0345-2331126

E-mail:imranmeraj2007@yahoo.com

امام احمد رضا خان، ایک عظیم عبقری شخصیت

امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نسباً پٹھان، مسلکاً سنی حنفی، مشرباً قادری اور مولداً بریلوی تھے۔ آپ 10 شوال المکرم ۱۲۷۲ھ بمطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء کو بریلی (یو۔پی، ہند) میں پیدا ہوئے، اور تقریباً ۶۵ برس تک کم وبیش ۵۵ مختلف علوم دینیہ و دنیویہ، قدیمہ وجدیدہ میں ۱۰۰۰ کے لگ بھگ علمی وتحقیقی کتب ورسائل کے ذریعے عالم اسلام کی رہنمائی کا مقدس فریضہ پروقار طور پر سرانجام دے کر، ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ بمطابق ۱۹۲۱ء بروز جمعۃ المبارک دوران اذان جمعہ، مئوذن کے حی علی الفلاح پکارتے وقت، فلاح دائمی کے مالک حقیقی عزوجل کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے،

عرش پہ دھومیں مچیں وہ مومن صالح ملا ، فرش سے ماتم اُٹھا وہ طیب وطاہر گیا

آپ جیسی علمی شخصیت آپ سے متاخرین میں تو کجا، متقدمین میں بھی دور دور تک نظر نہیں آتی، بلاشبہ آپ اپنی مثال خود تھے، اور اس حقیقت کا اعتراف صرف اپنوں نے ہی نہیں بلکہ غیروں نے بھی کیا ہے، **الفضل ماشهدت به الاعداء**۔ (۱)

آپ کے علمی وتحقیقی فتاوٰی جات ''فتاوٰی رضویہ'' کے نام سے تینتیس ۳۳ جلدوں میں کم وبیش ۲۲۰۰۰ صفحات پر ۶۸۴۷ سوالات کے جوابات اور ۲۰۶ رسائل کی صورت میں ''رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور'' کے تحت جدید تحقیقی خطوط پر استوار ہوکر، منصۂ شہود پر ظاہر ہوچکے ہیں اور ہر اہل علم وفن سے خراج تحسین وصول کررہے ہیں۔

اس عظیم، علمی اور عبقری شخصیت کے مختلف علمی گوشوں کی سدا بہار والہ زار وادیوں میں سیر وتحقیق کرکے دنیا کی تینتیس ۳۳ مختلف یونیورسٹیوں سے (ہماری معلومات کی حد تک) تادم تحریر ۵۵ محققین حضرات ایم فل اور پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگریاں حاصل کرنے کے باوجود یہی کہنے پر مجبور ہیں، کہ۔۔۔ابھی اس بحر میں باقی ہیں لاکھوں لولوئے لالہ (۲)

امام احمد رضا خان کے سائنسی کارناموں پر تحقیق کرنیوالوں میں ڈاکٹر محمد مالک صاحب کا نام ایک نمایاں حیثیت کا حامل ہے، آپ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے علمی کام کے سائنسی پہلوؤں پر اردو اور انگریزی میں کم وبیش ۰۷ مختلف کتب ورسائل میں ریسرچ فرماکر داد تحقیق حاصل کرچکے ہیں، جن میں امام احمد رضا اور سائنس، امام احمد رضا بحیثیت ماہر فلکیات، کنز الایمان اور سائنسی علوم۔۔اور۔۔امام احمد رضا اور تسخیر خلاء وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

زبردست تحقیقی مقالہ آپ نے ''ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، انٹرنیشنل کراچی'' کے سالنامے کے لیے تحریر فرمایا تھا، اسکی اہمیت وافادیت کے پیش نظر ادارہ نور الھدیٰ اسلامک فاؤنڈیشن اسے اپنے مفت سلسلہ اشاعت کے تحت شائع کرنے کا اعزاز حاصل کررہا ہے۔ اس سے قبل ماہر رضویات پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب، سابق ایڈیشنل سیکرٹری وزارت تعلیم حکومت سندھ، کا تحقیقی مقالہ ''نظریہ حرکت زمین اور امام احمد رضا خان'' بھی منظر عام پر آکر داد تحسین وصول کرچکا ہے۔ ان شاء اللہ عزوجل عنقریب پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری، شعبہ ارضیات وپیٹرولیم، کراچی یونیورسٹی، کے تحریر کردہ دو علمی وتحقیقی مقالے بنام ''امام احمد رضا اور تحقیق زلزلہ'' اور ''قرآن، امام احمد رضا اور سائنسی مصطلحات'' بھی شائع کیئے جائیں گے،

محمد عمران معراج نافع، خادم نور الھدیٰ اسلامک فاؤنڈیشن

(۱) تفصیل کے لئے ''امام احمد رضا مخالفین کی نظر میں'' مطبوعہ: میلاد پبلیکیشنز، لاہور، مطالعہ فرمائیں۔

(۲) تفصیلات کے لئے ''امام احمد رضا اور عالمی جامعات'' نیز ''امام احمد رضا اور عالم اسلام'' مطبوعہ ادارہ مسعودیہ کراچی، ملاحظہ فرمائیں۔

چودھویں صدی کا عالم سائنسدان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے جانثاروں میں ایسی روشن دماغ، عالی قدر اور ذھین شخصیات پیدا کیں انہیں خصوصی انعامات واکرامات سے نوازا، جنہوں نے امت مسلمہ کی مشکلات کو آسان کیا جن سے مسلمانوں کا سرفخر سے بلند ہے۔ رب تعالیٰ کی ایسی ہی ایک انعام یافتہ ہستی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان قادری محدث بریلوی (1856-1921) علیہ الرحمہ کی ذات گرامی ہے جن کو خالق کائنات نے علوم دینیہ وعلوم جدیدہ سے سرفراز فرمایا، علوم دینیہ کے ہر شعبہ میں خداداد کمال انکا طرہ امتیاز ہے، علوم جدیدہ (Modern Scince) پر کامل مہارت یقیناً عطیہ خداوندی ہے۔

اب ہم اس عظیم سائنسدان کی جدید تحقیقی وسائنسی خدمات کا اجمالاً جائزہ لیتے ہیں تاکہ ملت اسلامیہ ان کے علمی ورثہ سے روشناس ہوسکے۔

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے آٹھ سال کی عمر میں پہلی کتاب بزبان عربی (**شرح هداية النحو**) لکھی، جو اس صدی کا سب سے بہترین (I.Q) ظاہر کرتا ہے۔

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے سائنس کے تقریباً ہر شعبہ پر کوئی کتاب، رسالہ یا تحریر رقم فرمائی جو ماہرین کیلئے دعوت فکر ہے۔

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے تخلیق انسانی (Human Creation) میں Blood of Circulatory System-Arteries, arterioles, capillaries, venules, veins-functional parts circulation of کو اہم قرار دیا اور رب تعالیٰ کی قدرت کاملہ کو واضح کیا (1)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے میڈیکل ایمبریالوجی (Medical Embryology) کے حوالے سے قرآنی آیات **فی ظلمت ثلث** (Fetal development within three veils of dakness) Amnion, chorion & decidue کے نام وکام Feta membranes کے علاوہ apsulari (Functions) بیان کرکے ماہرین کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا (2)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے ایک صدی قبل (GENETICS_GENES & CHROMOSOMES) سے متعلق concept پیش کیا، جبکہ یونیورسٹیوں میں اس کا تصور بھی نہ تھا۔ یہ بحث آجکل Genetic controle of portein synthesis کہلاتی ہے۔ (3)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے 30 سال کی عمر میں قرآن پاک کی روشنی میں میڈیکل ایمبریالوجی (Medical Embryology) کے فکر انگیز موضوعات پر درج ذیل گفتگو کی ہے۔

Transport, fertilizatio and implantation of the developing ovum at the endometrium of the uterus.

-Zygote formation, intracullar division.

-Manifestation of prvoidence during pregnancy and lactation.

-Intra uterine of the embryo.

-intra uterine development of the human body, its various stages and orgen formation.(4)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے 30 برس کی عمر میں میڈیکل فزیالوجی (Medical physiology) سے متعلق خوبصورت تحقیق انیق فرمائی، جو جدید میڈیکل ریسرچ سے مطابقت رکھتی ہے۔(5)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے جذام (LEPROSY) سے متعلق اسلامی نظریہ غیر متعدی Non-Communicabl پیش کر کے اسلام کی برتری (supremacy of Islam) کو ثابت کیا ہے، جس کی تائید آج میڈیکل سائنس نے بھی کر دی ہے(6)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے طاعون (PLAGUE) کی بیماری سے متعلق اسلامی تحقیق کی ایسی وضاحت فرمائی جسے جدید میڈیکل سائنس خراج تحسین پیش کرتی ہے۔(7)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے ایک صدی قبل سب سے پہلے الٹرا ساؤنڈ مشین (Ultrasound machine) کا فارمولا نظریہ روشنی (ligh theory) کی بنیاد (Base) پر پیش کر کے سائنسی دنیا میں سبقت حاصل کر لی ہے، یہ بحث آجکل (phenomenon Peizoelectric) کہلاتی ہے۔(8)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے سب سے پہلے ایٹمی پرگرام کا قرآنی تصور و **مزقنٰھم کل ممزق** (اور ہم نے اسے پارہ پارہ کر دیا) سے استنباط کر کے نظریہ ایٹم بیان کیا، اور غلبہ اسلام کی حقانیت کو ثابت کر کے دور حاضر کے مسلم سائنسدانوں کو دعوت فکر دی ہے۔(9)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے جدید ٹیلی کمیونیکیشن (Modern communication system) کے بنیادی اصول پر فکری بحث کو تجربات سے ثابت کیا ہے اور ایک صدی قبل بتایا کہ آوازیں فضا موجود ہیں، نیز ساؤنڈ تھیوری (sound theory) پیش کر کے کان کی ساخت Anatomy of the (Tympanic membrane) (Ear-outer ear/middle) ear اور musles tensor tympan/stapedius کو سماعت کے لئے ضروری بتایا اور تجربات سے ثابت کیا کہ بغیر واسطہ کے ہم آواز نہیں سن سکتے، نیز بتایا کہ آواز (sound) پیدا ہونے سے سننے تک مخروطی شکل (conicalShape) اختیار کرتی ہے، جس کی تائید جدید فزیکل سائنس نے کر دی ہے۔ یہ بحث آجکل (Damped Harmonic motion) کہلاتی ہے۔(10)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے فزکس کے موضوع (Fluid)dynamics سے متعلق رسالہ **"الدقتہ والتبیان لعلم الرقتہ و السیلان"** 1915ء میں لکھ کر جدید سائنسی اور فقہی انداز سے تحقیق کے انمول موتی بکھیرے اور پانی کی 306 اقسام بیان کر کے ماہرین کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔(11)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے نظریہ شخصیت Personality Formation نفس، قلب اور روح Vs (ID, Ego Super) کی اہمیت بیان کر کے معروف ماہرین نفسیات Sigmond Ferud, Alfred (Pyschologists)adler, Carl Young, Karen Horney, B.F Skinner, Erik Erikson, Erik Formm, J.B Watson & W.H. Sheldon پر سبقت حاصل کر لی ہے۔(12)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے نظریہ ارتقاء (Evolution Theory) کو قرآنی بنیاد پر پیش کر کے اسلام کی حقانیت کو واضح کیا ہے۔(13)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے علم ریاضی (Math)، الجبرا (Algebera) اور علم ہندسہ (Geometry) میں اپنی تخلیقی کاوشوں سے فکری زاویے بیان کر کے ماہرین کو دعوت تحقیق دی ہے، اور برصغیر پاک و ہند کے معروف ریاضی دان ڈاکٹر سر ضیاء الدین (وائس چانسلر علی گڑھ یونیورسٹی) کی علم ریاضی میں مشکل حل کر کے ماہرین سائنس کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔(14)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے سب سے پہلے 1896ء میں اپنی کتاب **"الصمصام"** میں Topolgy سے متعلق تھیوری پیش کی، بعد میں 1905ء میں **"الدولة المکیه"** میں گفتگو کر کے سبقت حاصل کر لی، جبکہ یہ علم پاک و ہند میں 1968ء میں متعارف ہوا۔(15)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے زمین کے ساکن ہونے کے حوالے سے فکرانگیز درج ذیل رسائل تحریر فرمائے۔

(۱) نزول آیات فرقان بسکون زمین و آسمان 1919ء

(۲) معین مبین بہر دور شمس و سکون زمین 1919ء

(۳) فوز مبین در رد حرکت زمین 1919ء

(A fair success refuting motion of eart)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جس نے سب سے پہلے مغربی سائنسدان نیوٹن، آئن سٹائن، کوپرنیکس، کیپلر اور گیلیلیو کے نظریات کو چیلنج کر کے سائنسی دنیا میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ (نظریہ حرکت زمین اور امام احمد رضا خان، مطبوعہ: نور الھدی اسلامک فاؤنڈیشن)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جسکی تحقیقی خدمات کو معروف ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ (ماہنامہ: معارف رضا، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی)

☆ پہلا مسلم سائنسدان جسکی تحقیقی تصانیف کی تعداد ہزار (1000) سے زائد ہے، جس کے علوم کی تعداد

100 سے متجاوز ہے جس کی تحقیقی خدمات پر ایم فل (M.Phil) اور (Ph.D) کی اعلیٰ ڈگریاں سرفہرست ہیں۔

☆ پہلا مسلم سائنسدان جو بیک وقت مترجم قرآن، مفسر قرآن، مجدد، محدث، فقیہ، شیخ طریقت، رہبر شریعت، نعت گو شاعر، فلاسفر، ماہر سیاسیات، ماہر نفسیات، ریاضی دان اور بیسویں صدی کا عظیم سائنسدان، الحاصل آپ کی تحقیقی خدمات آفتاب نصف النہار کی طرح روشن و تابندہ ہیں، اور دنیا کی 33 یونیورسٹیوں (Universities) نے ایم فل (M.Phil) اور پی ایچ ڈی (Ph.D) کی اعلیٰ ڈگریاں ایوارڈ کر کے امام احمد رضا کے علمی تبحر و وجاہت اور تعلیمی و تحقیقی عظمت و برتری کا اعتراف کرتے ہوئے بہترین خراج تحسین پیش کیا ہے جو پوری ملت اسلامیہ کیلئے قابل فخر ہے، یقیناً فرمان الٰہی سچا ہے ''تم میرا ذکر کرو میں تمہارا چرچا کرونگا''۔ (کنز الایمان)

حوالہ جات:

(1) **مقامع الحدید علیٰ خد المنطق الجد ید** 1886ء۔ از امام احمد رضا

- Imam Ahmed Raza & Blood Circulatory System Dr, Muhammad Maalik

روزہ اور سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک۔

(2) **الصمصام علیٰ مشکك فی آیه علوم الارحام** 1896ء۔ از امام احمد رضا

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک

-The scientific work of Imam Ahmad Raza, by: Dr. Muhammad Maalik

-Quran,Medical Embryology & Imam Ahmed Raza. by: Muhammed Maalik

-LANGMAN's Embryology.

-Medical Embryology Dr.K.L.Moore

(3) **الصمصام علی مشکك فی آیه علو م الارحام** 1896ء از، امام احمد رضا

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک

اعتراف حقیقت۔ ڈاکٹر محمد مالک

-Guyton's Medical Physiology

(4) **مقامع الحدید علیٰ خدا لمنطق الجدید** 1886ء از، امام احمد رضا

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک۔

-Quran,Medical embryology & - Imam Ahmad Raza, By : Dr. Muhammad Malik

-LANGMAN's Medical Embryology Developing Human Embryology By Dr Keith

-L.Moore.

(5) **مقامع الحدید علیٰ خدا لمنطق الجدید** 1886ء از امام احمد رضا

-The scientific work of Imam Ahmad Raza. By: Dr. Muhammad Maalik

-Imam Ahmad Raza and Gastro intestinal physiology. By Dr. Muhammad Maalik

(6) فتاویٰ رضویہ جلد 24 نیو ایڈیشن، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ، لوہاری گیٹ لاہور۔

الحق المجتلیٰ فی حکم المبتلی 1905ء از امام احمد رضا

امام احمد رضا کا نظریہ جذام۔ ڈاکٹر محمد مالک۔

-Towards understanding Leprosy.By Dr. Muhammad Maalik.

-The scientific work of Imam Ahmed Raza. by: Dr. Muhammad Maalik.

(7) تیسیر الماعون لسکن فی الطاعون 1905ء امام احمد رضا

فتاویٰ رضویہ جلد 24 نیو ایڈیشن

امام احمد رضا کا نظریہ طاعون۔ ڈاکٹر محمد مالک

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک

(8) **الصمصا م علیٰ مشکك فی آیه ء علوم الارحام** 1896ء امام احمد رضا بریلوی

فتاویٰ رضویہ جلد 26، امام احمد رضا بریلوی

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس۔ ڈاکٹر محمد مالک

امام احمد رضا اور نظریہ روشنی۔ از ڈاکٹر محمد مالک

معارف رضا 2005ء سالانہ شمارہ سلور جوبلی، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی

-The Scientific work of Imam Ahmed Raza. by: Dr. Muhammad Maalik.

(9) **الکلمته الملهمه فی کلمته المحکمه** 1919ء از امام احمد رضا بریلوی

قرآن اور اینٹی پروگرام۔ ڈاکٹر محمد مالک

-The scientific work of Imam Ahmed Raza.Dr. Muhammad Maalik

(10) **الکشف شافیا حکم فو نو جرافیا** 1909ء۔ امام احمد رضا بریلوی

امام احمد رضا اور علم صوتیات۔ ڈاکٹر محمد مالک

معارف رضا 2005ء شمارہ سلور جوبلی ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی

(11) **الدقته والتبیا ن لعلم الرقته والسیلان** 1915ء از، امام احمد رضا

- Imam Ahmed Raza & Fluid dynamics, by: Dr. Muhamad Malik.

-The Scientific Work of Imam Ahmed Raza.By Dr. Muhammad Maalik

(12) ملفوظات اعلیٰ حضرت

-The revivalist of the 20th Century By: Dr. Muhamad Maalik.

-The Scientific work of Imam Ahmed Raza by: Dr. Muhammad Maalik

امام احمد رضا اور نظریہ شخصیت۔معارف رضا1997ء از،ڈاکٹر محمد مالک

(13) **الصمصام علیٰ مشکك فی آیه الا رحام**1896ء از،امام احمد رضا

مقامع الحدید علیٰ خدا المنطق الجدید1886ء از،امام احمد رضا

-Imam Ahmed Raza and Evolution theory of Human being

By: Dr. Muhammad Maalik.

معارف رضا شمارہ 1997ء ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی

(14) **اعالی العطایافی الاضلاع والزوایا**۔ازامام احمد رضا

قبلہ نما۔ازامام احمد رضا

مرکز دائرہ تحقیق۔از ڈاکٹر محمد مالک

شائع کردہ:الرضا اسلامک سنٹر بلاک نمبر 16،ڈیرہ غازیخان

امام احمد رضا اور ڈاکٹر سر ضیاء الدین،ڈاکٹر محمد مالک

(15) **الصمصام علی مشکك فی آیه علوم الا رحام**1896ء

الدولة المکیه بالمادة الغیبیه1905ء۔امام احمد رضا

امام احمد رضا اور میڈیکل سائنس،ڈاکٹر محمد مالک

-Imam Ahmad Raza & Topology by: Dr. Abdul Naeem Azizi, India

ہر کوئی پوچھے تیری بات رضا ﷺ
تیرے شیدا ہزار پھرتے ہیں

برائے ایصال ثواب: محمد امین، کریم النساء۔محمد علی رحمانی، شریفاں بی بی۔محمد معراج دین رحمانی،(رحمہم اللہ اجمعین)